146549- پودا لگانے والے کا ثواب جاری رہتا ہے حتی کہ وفات کے بعد بھی

سوال

اگر کوئی شخص ایک کھجور لگائے، یا کھیت لگائے یا اس کے علاوہ کوئی اور زرعی سرگرمی عمل میں لائے تو کیا اسے اس عمل کا اجر وفات کے بعد بھی تسلسل کے ساتھ ملتا رہے گا چاہے اس درخت کو میت کے ورثا خود بھی استعمال کریں۔

پسندیدہ جواب

"جی ہاں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (کوئی بھی مسلمان کوئی پودا لگائے، یا کھیتی کاشت کرے تو اس میں سے کوئی پرندہ، یا انسان یا جانور کھائے تو یہ اس کے لیے صدقہ ہوگا۔)

چنانچہ مسلمان کی کاشت کی ہوئی فصل یا لگایا ہوا کھجور کا درخت وغیرہ کا بھی اسے اجر ملتا ہے، اس میں سے کسی نے خفیہ طور پر کچھ لے لیا، یا جانور فصل میں چرنے کے لیے داخل ہو گیا، یا کسی پرندے نے اس میں سے کھایا، یا کسی انسان نے وہاں سے گزرتے ہوئے اپنی بھوک بجھالی تو یہ سب بھی صدقہ ہوگا، اسی طرح وہ بھی صدقہ ہوگا کہ بطور عشر لوگوں میں تقسیم کیا جائے۔ اپنے گھر والوں پر جو خرچ کرے وہ بھی صدقہ شمار ہوگا، یہ سب خیر کی چیزیں وہ ہیں جو اسے صرف پودا لگانے کی وجہ سے حاصل ہو رہی ہیں۔" ختم شد
سماحۃ الشیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ

فتاوی نور علی الدرب (2/1215)

واللہ اعلم